
## حدیث نبوی ﷺ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے ارشاد فرمایا کہ: میں اپنے پیچھے ایسے ہی دیکھتا ہوں جیسے اپنے آگے دیکھتا ہوں اور مجھ پر تمہارے دل کے اندر چھپے خشوع اور خضوع بھی پوشیدہ نہیں ہے۔( صحیح بخاری)



لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ
لوہیا نامہ
URDU DAILY LOHIA NAMA LUCKNOW

# پہلگام: ایک خفیہ سازش یا ریاستی غفلت؟

22 اپریل 2025 کی تاریخ نہ صرف پہلگام بلکہ پورے ہندوستان کی اجتماعی یادداشت پر ایک خونی دھبہ بن کر ثبت ہو چکی ہے۔ وادیٔ کشمیر کے پُرفضا مقام پہلگام میں ہونے والا دہشت گردانہ حملہ، جس میں 26 بے گناہ سیاح موت کے گھاٹ اتار دیے گئے، ایک ایسا اندوہناک واقعہ ہے جس نے ہندوستانی سلامتی کے ڈھانچے کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اس ہلاکت خیز واردات نے انٹیلیجنس ایجنسیوں کی کارکردگی، سیکورٹی فورسز کی موجودگی اور حکومت وقت کی نیت تینوں کو بیک وقت کٹہرے میں لا کھڑا کیا ہے۔ اخباری اطلاعات اور اپوزیشن کے بیانات کے مطابق، 19 اپریل کو انٹیلیجنس ایجنسیوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کو وادیٔ کشمیر میں ممکنہ دہشت گردانہ حملے سے متعلق آگاہ کر دیا تھا۔ اسی انتباہ کے تحت مودی نے اپنا مجوزہ دورۂ کشمیر منسوخ کر دیا، لیکن سوال یہ ہے کہ اگر خفیہ ایجنسیاں حملے کی پیشگی اطلاع دے رہی تھیں تو وہ معلومات ریاستی پولیس اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ کیوں نہ شیئر کی گئیں؟ اگر وزیر اعظم کی جان بچانے کیلئے الرٹ اہم تھا تو عام شہریوں کی جان کی کیا حیثیت تھی؟ کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے نے آج منگل کو رانچی میں منعقدہ ''آئین بچاؤ'' ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ایک دھماکہ خیز انکشاف کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کو پہلگام حملے سے تین دن پہلے ہی انٹیلیجنس الرٹ موصول ہو چکا تھا، جس کی بنیاد پر انہوں نے اپنا دورۂ کشمیر منسوخ کیا، لیکن انہوں نے یہ معلومات نہ ریاستی پولیس کے ساتھ شیئر کیں، نہ فوج یا بارڈر سیکورٹی فورس کے ساتھ۔ کیا اس اقدام کو محض غفلت کہا جائے یا دانستہ چشم پوشی؟

پہلگام جیسے حساس مقام پر، جو امرناتھ یاترا کا ایک اہم راستہ بھی ہے، حفاظتی انتظامات نہ ہونے کی توجیہ یہ دی گئی کہ چونکہ انٹیلیجنس رپورٹ میں اس کا ذکر نہیں تھا، اس لیے یہاں سیکورٹی تعینات نہیں کی گئی۔ کیا اب ہندوستان کی سرحدیں، شہروں کی گلیاں اور سیاحتی مقامات صرف ان مقامات کی حد تک محفوظ ہوں گے جن کا ذکر رپورٹوں میں ہو؟ اگر ریاست کا دفاع صرف رپورٹوں کے دائرے میں قید ہو چکا ہے تو دشمن کو حملے کیلئے صرف اتنا کرنا ہے کہ وہ کسی ''غیر ذکر شدہ'' مقام کا انتخاب کرے۔ اس حملے کے بعد حکومت نے یہ تسلیم کیا کہ حملہ آور پاکستان سے دراندازی کرتے ہوئے بلا روک ٹوک پہلگام پہنچے، کئی دن وہاں مقیم رہے، واردات کے بعد بچ نکلنے میں کامیاب ہوئے اور پھر حسب روایت پاکستان لوٹ گئے۔ سوال یہ ہے کہ اگر کشمیر میں تین لاکھ سے زائد سیکورٹی اہلکار تعینات ہیں، جن پر سالانہ اربوں روپے کے اخراجات اٹھائے جا رہے ہیں تو وہ کس مقصد کیلئے ہیں؟ اگر محض چار دہشت گرد اس تمام سیکورٹی کو دھوکہ دے کر وادی میں آ کر خون کی ہولی کھیلتے ہیں اور پھر سری نگر، چنئی اور کولمبو کے راستے فرار ہونے کی کوشش کرتے ہیں تو کیا یہ سیکورٹی اسٹیبلشمنٹ کے منہ پر ایک طمانچہ نہیں؟ حکومت نے حملے کے بعد پاکستان کے خلاف سخت اقدامات کا اعلان کیا، جن میں ہند طاس آبی معاہدہ کی معطلی، اٹاری سرحد کی بندش، ویزا سروسز کی منسوخی اور پاکستانی سفارتکاروں کو ناپسندیدہ قرار دینا، پاکستانی شہریوں کو ہندوستان چھوڑنے کا حکم وغیرہ شامل ہے۔ لیکن یہ تمام اقدامات حملے کے بعد کے ردعمل کی نمائندگی کرتے ہیں، حملے سے پہلے کی تیاری اور انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کی ناکامی کا کوئی جواز فراہم نہیں کرتے۔


ملکارجن کھرگے نے بجا طور پر سوال اٹھایا کہ اگر انٹیلیجنس الرٹ اتنا ہی سنجیدہ تھا تو سیکورٹی فورسز کو متحرک کیوں نہ کیا گیا؟ کیا وزیر اعظم کی حفاظت کو اولیت دے کر عوام کی جانوں کو نظرانداز کر دینا جمہوری حکومت کا منصب ہے؟ ان کے اس بیان پر بی جے پی نے نہ صرف انہیں 'ملک دشمن' قرار دیا بلکہ 'جدید دور کا میر جعفر' جیسی گالیوں سے نوازا، جو خود اس بات کا ثبوت ہے کہ سچائی کتنی چبھنے والی ہو چکی ہے۔

یہ بھی یاد رکھا جانا چاہیے کہ یہ پہلا موقع نہیں جب خفیہ اطلاعات اور سیکورٹی کی کوتاہی نے معصوموں کی جان لی ہو۔ مگر اس بار معاملہ کچھ اور ہے۔ اس بار مودی حکومت کی خاموشی، امت شاہ کی لاپروائی اور اداروں کی غفلت ایک ایسی المیہ داستان بن چکی ہے جو محض ریاستی ناکامی نہیں، بلکہ ممکنہ ریاستی بے حسی اور سازش کا شائبہ بھی دیتی ہے۔ پہلگام حملے پر سیاست ضرور ہو رہی ہے، لیکن اس کی اصل حقیقت سیاسی الزامات اور جوابی بیان بازی سے کہیں زیادہ سنگین ہے۔ یہ حملہ ہماری قومی سلامتی کے بدن پر لگنے والا ایسا زخم ہے جو صرف دشمن کی بندوق سے نہیں لگا، بلکہ اپنی ہی قیادت کی بے حسی، اداروں کی مجرمانہ غفلت اور سیاسی مفادات کی اندھی دوڑ سے گہرا ہوا ہے۔

کیا امت شاہ اور نریندر مودی 26 بے گناہ لاشوں کے نیچے دبے ہوئے سوالات کا جواب دیں گے؟ یا ایک بار پھر قومی یکجہتی کی آڑ میں ہر سوال کو غداری قرار دے کر حقیقت کو دفن کر دیا جائے گا؟

# زائرین حرم حج کے مقاصد پر بھی نظر رکھیں

ہم مسلم امت میں دیکھتے ہیں کہ ایک بڑی تعداد الحمد للہ نماز پڑھ رہی ہے لیکن فحش اور منکرات کی بھرمار ہے۔ ایسا نہیں کہ بے نمازیوں میں بے حیائی ہے بلکہ نمازیوں کی شادی بیاہ کی تقریبات بھی کسی بے نمازی سے کم نہیں ہوتیں، ان کے معاملات بھی بد دیانتی پر مبنی ہیں۔ ہر سال اربوں روپے زکاۃ کی مد میں نکالے جانے کے باوجود ہاتھ پھیلانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، روزہ کے اثرات تو رمضان میں ہی نظر نہیں آتے رمضان کے بعد کیا نظر آئیں گے۔ ہٹے کٹے نوجوان جن کے سامنے کوئی مجبوری نہیں وہ بھی روزہ نہیں رکھتے، جو رکھتے ہیں ان میں سے بھی بہت کم اپنے روزے کی حفاظت کرتے ہیں اسی لیے رمضان کے بعد مسلم معاشرے میں تقویٰ کی جو بہار آنی چاہئے تھی نہیں آتی۔ حج پر جانے والے بھی جب واپس آتے ہیں تو بظاہر ان میں کئی تبدیلیاں نظر آتی ہیں۔ سر گنجا ہوتا ہے۔ ہاتھوں میں تسبیح ہوتی ہے، مخصوص عربی رومال کاندھے پر ہوتا ہے، ساتھ میں اس قدر سامان ہوتا ہے کہ کسٹم والے کو جرمانہ دے کر چھڑاتے ہیں۔ لیکن باطن میں معمولی سا بھی فرق نظر نہیں آتا۔ عبادات کے یہ اثرات ہیں جو ہمیں دیکھنے کو ملتے ہیں الا ماشاء اللہ۔ انفرادی طور پر تو ان عبادتوں کے اثرات خال خال محسوس ہوتے ہیں لیکن جس تعداد میں لوگ ان عبادتوں کو انجام دے رہے ہیں اور ایک طویل عرصے سے دے رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں اب تک مسلم معاشرہ اسلام کی چلتی پھرتی تصویر بن جانا چاہئے تھا۔





ڈاکٹر سراج الدین ندوی

جو لوگ امسال فریضۂ حج ادا کر رہے ہیں میں ان کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتا ہوں اور بسلامت واپسی کی دعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان کا حج قبول فرمائے۔ کسی بھی عبادت کے قبول ہونے کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو وہ مل جائے جس کے لیے اس نے وہ عبادت کی ہے، ہم بہت سی عبادات اور مذہبی رسوم ادا کرتے ہیں جن کے کچھ مقاصد ہوتے ہیں بلکہ وہ مقاصد اللہ اور اس کے رسول نے طے کیے ہیں۔ مثلاً نماز کے بارے میں کہا گیا کہ ''بے شک نماز برائیوں اور بے حیائیوں سے روک دیتی ہے''(قرآن) یعنی نماز پڑھنے والے سے فحش اور منکر صادر نہیں ہوتا۔ زکاۃ کے بارے میں کہا گیا کہ ''مال پاک ہو جاتا ہے۔ معاشرہ خوش حال ہوتا ہے''(حدیث) روزے کے بارے میں فرمایا گیا کہ ''یہ تمہارے اندر تقویٰ پیدا کرتا ہے''(قرآن) حج کے بارے میں ارشاد ہوا۔ ''جس شخص نے حج کیا اور اس نے (اس دوران) کوئی فحش کلامی اور گناہ نہیں کیا تو وہ (حج کے بعد گناہوں سے پاک ہو کر اپنے گھر اس طرح) لوٹتا ہے جیسے اس دن تھا جس دن اس کی ماں نے اسے جنا تھا''۔ (متفق علیہ)

اے زائرین حرم! یہ مقصد تبھی حاصل ہوگا جب کہ آپ کی اس مقصد پر نظر ہوگی، اس کو پانے کی طلب ہوگی، اس لیے کہ لفظ مقصد میں قصد شامل ہے۔ یہ حج کا کوئی لازمی نتیجہ اور انجام نہیں ہے۔ جس طرح آگ میں ہاتھ ڈال لیے تو جل جائے گا۔ پانی سر پر ڈال لیے تو بھیگ جائے گا اسی طرح چند مناسک ادا کر لیجیے آپ ایسے پاک ہو جائیں گے جیسے کوئی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے ایسا نہیں ہے بلکہ عبادتوں کے یہ مقاصد اسی وقت حاصل ہوں گے جب ان کو حاصل کرنے کا آپ عزم اور ارادہ کریں گے، ہر وقت آپ کو ان مقاصد کا شعور ہوگا اور ان کو حاصل کرنے کی آپ تگ و دو کریں گے۔ اگر آپ نے مقصد پر نظر نہیں رکھی اور اس کے حصول کی کوئی کوشش نہ کی تو آپ جیسے گئے تھے ویسے ہی واپس آ جائیں گے، آپ نے جو وقت اور پیسہ خرچ کیا ہے وہ فضول خرچی میں شمار کیا جائے گا جس کا آپ کو حساب دینا ہوگا۔

ہم مسلم امت میں دیکھتے ہیں کہ ایک بڑی تعداد الحمد للہ نماز پڑھ رہی ہے لیکن فحش اور منکرات کی بھرمار ہے۔ ایسا نہیں کہ بے نمازیوں میں بے حیائی ہے بلکہ نمازیوں کی شادی بیاہ کی تقریبات بھی کسی بے نمازی سے کم نہیں ہوتیں، ان کے معاملات بھی بد دیانتی پر مبنی ہیں۔ ہر سال اربوں روپے زکاۃ کی مد میں نکالے جانے کے باوجود ہاتھ پھیلانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، روزہ کے اثرات تو رمضان میں ہی نظر نہیں آتے رمضان کے بعد کیا نظر آئیں گے۔ ہٹے کٹے نوجوان جن کے سامنے کوئی مجبوری نہیں وہ بھی روزہ نہیں رکھتے، جو رکھتے ہیں ان میں سے بھی بہت کم اپنے روزے کی حفاظت کرتے ہیں اسی لیے رمضان کے بعد مسلم معاشرے میں تقویٰ کی جو بہار آنی چاہئے تھی نہیں آتی۔ حج پر جانے والے بھی جب واپس آتے ہیں تو بظاہر ان میں کئی تبدیلیاں نظر آتی ہیں۔ سر گنجا ہوتا ہے۔ ہاتھوں میں تسبیح ہوتی ہے، مخصوص عربی رومال کاندھے پر ہوتا ہے، ساتھ میں اس قدر سامان ہوتا ہے کہ کسٹم والے کو جرمانہ دے کر چھڑاتے ہیں۔ لیکن باطن میں معمولی سا بھی فرق نظر نہیں آتا۔ عبادات کے یہ اثرات ہیں جو ہمیں دیکھنے کو ملتے ہیں الا ماشاء اللہ۔ انفرادی طور پر تو ان عبادتوں کے اثرات خال خال محسوس ہوتے ہیں لیکن جس تعداد میں لوگ ان عبادتوں کو انجام دے رہے ہیں اور ایک طویل عرصے سے دے رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں اب تک مسلم معاشرہ اسلام کی چلتی پھرتی تصویر بن جانا چاہئے تھا۔

اے حرم کو جانے والو! یہ احرام کا لباس بے مقصد نہیں پہنوایا جاتا۔ اللہ کو سلے ہوئے، زرق برق لباس سے کوئی نفرت نہیں ہے، اور نہ اس نے حرام کیے ہیں۔ سفید رنگ کے بغیر سلے دو کپڑے پہننے لازمی کرنا کوئی فضول کی رسم نہیں ہے بلکہ یک رنگی پیدا کر کے یہ احساس دلانا مقصود ہے کہ تمہارا رنگ ایک ہی ہے۔ تم سب صبغۃ اللہ کے رنگ میں ہو۔ دنیا کے تمام رنگ اللہ کے رنگ کے مقابلے کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ تم ان کپڑوں میں ہو جو تمہارے ساتھ قبر میں جائیں گے۔ یہ کفن ہے گویا تم نے اعلان کر دیا ہے کہ ہم اللہ کے حضور حرم میں ہی نہیں میدان حشر میں بھی حاضر ہونے کو تیار ہیں۔ یہ دو کپڑے فقیرانہ لباس ہیں اور اعلان کر رہے ہیں کہ ہم اللہ کے در پر فقیر ہیں۔ یہ بتا رہے ہیں کہ دنیا کی زندگی میں مال و اسباب کی کثرت کی کوئی اہمیت نہیں ہے صرف دو کپڑوں میں گزارہ ہو سکتا ہے۔ یہ لباس حجاج کے اندر یہ صفت پیدا کرنا چاہتا ہے کہ کم سے کم دنیا میں بھی ہم کام چلا لیں گے۔

لبیک اللھم لبیک کی صدائیں یوں ہی نہیں لگوائی جاتیں۔ بلکہ یہ شعور پیدا کرانے کے لیے لگوائی جاتی ہیں کہ جس طرح اللہ کی پکار پر ہم نے آج لبیک کہا ہے ساری زندگی اسی طرح لبیک کہیں گے۔ اب کبھی حی علی الصلوٰۃ کی آواز کو نظر انداز نہیں کریں گے۔ اب اللہ کے دین کے لیے جب ضرورت ہوگی تب اپنی جان کے ساتھ حاضر ہو جائیں گے۔ یہ طواف کعبہ اسی محبوب کے گھر کا طواف ہے جسے آپ سجدے کرتے رہے ہیں۔ اب اس کے گھر کا چکر لگا کر زبان حال سے کہہ رہے کہ تیرے گھر کے علاوہ کسی کے گھر کا چکر نہیں کاٹیں گے۔ تیرے در کے علاوہ کہیں نہیں جائیں گے۔ صفا اور مروہ کی دوڑ اللہ کے راستے میں تگ و دو کے جذبے کو مہمیز دیتی ہے۔ یہ کسی کی پریشانی پر تڑپ جانے اور اس کی پریشانی دور کرنے کے لیے سعی کرنے کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔ یہ غلاف کعبہ سے چمٹ کر رونا اس کے سوا کیا ہے کہ ہمارے اشکوں کی جائے پناہ اللہ کے دامن کے سوا کہیں نہیں ہے۔ یہ مقام عرفات کا اجتماع جہاں عالمی اخوت کا پیغام دیتا ہے وہیں روز حشر کا منظر یاد دلاتا ہے۔ یہ مزدلفہ میں ایک شب کا قیام دنیا کی زندگی کی مہلت عمر کا مظہر ہے یعنی انسان کی زندگی بس ایک رات ہی ہے۔ شیطان نما ستون پر سنگ باری بچوں کا کوئی کھیل نہیں ہے بلکہ شیطان سے عملی اظہار برأت ہے۔ اس پر پتھر مار کر ساری دنیا کو بتاتے ہیں کہ اللہ کے باغیوں سے یہی ہمارا رشتہ ہے۔ جانور کے گلے پر چھری چلانا اور اپنے سر منڈوانا اپنی جان کا نذرانہ اللہ کے حضور پیش کرنا ہے۔ مجھے سچ بتائیے کہ اگر ہر حاجی مناسک حج ادا کرتے ہوئے ان احساسات، جذبات اور مقاصد کو پیش نظر رکھے تو وہ واپس آ کر کس طرح لوگوں کے مال مار سکتا ہے۔ کس طرح وہ اسلام کے خلاف ووٹ ڈال سکتا ہے۔ کس طرح وہ موذن کی پکار کو نظرانداز کر سکتا ہے۔ حرمین میں نمازیں ادا کرنے کے بعد بھی کیا اس سے کسی فحاشی اور منکرات کی توقع کی جا سکتی ہے؟

میں ایک بار پھر تمام زائرین کو مبارکباد دیتا ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ آپ اس شہر میں جا رہے ہیں جہاں ہر قدم پر محبوب خدا کے نقوش تابندہ نظر آئیں گے، وہ گلیاں بھی وہیں ہیں جن میں حضرت بلال کو گھسیٹا گیا، وہیں آل یاسر رہتے تھے جن پر ستم کے پہاڑ توڑے گئے، دار ارقم بھی وہیں ہے جس میں صحابہ نے تربیت پائی، وہاں غار حرا بھی ہے جہاں سے دنیا کو نور ملا۔ آپ تصور کی آنکھوں سے دیکھیں گے تو آپ کو سب کچھ نظر آ جائے گا۔ اس سفر میں آپ شہر نبیؐ کی زیارت بھی کریں گے۔ ریاض الجنۃ میں نماز کی سعادت پائیں گے، بدر واحد کی وادیوں سے بھی گذریں گے۔ یہ تمام مقامات آپ کے لیے محض تفریحی مقامات نہیں ہیں جہاں آپ سیلفی لینے اور ویڈیو بنانے میں وقت گزار دیں۔ ان میں سے ہر مقام آپ کی تربیت کا بہترین ذریعہ ہے۔ اپنا وقت لایعنی باتوں اور خوش گپیوں یا بازار میں خریداری میں ہی مت گنوا دیجیے گا بلکہ اللہ سے وہ سب کچھ حاصل کرنے میں صرف کیجیے گا جس کے لیے آپ نے یہ طویل سفر طے کیا ہے۔

ایڈیٹر ماہنامہ اچھا ساتھی۔ بجنور
9897334419

# سپریم کورٹ اور انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی حدود

سپریم کورٹ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن (ٹی اے ایس ایم اے سی)، ہیڈ کوارٹر پر رقم کے ہیر پھیر کے معاملے میں کی جانے والی کارروائی کی سماعت کر رہی تھی اور عدالت نے ای ڈی کی کارروائی پر روک لگا دی۔ بتا دیں کہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن کے ہیڈ کوارٹر پر چھاپہ ماری کی تھی۔ تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن کی طرف سے عدالت میں پیش ہوئے سینئر ایڈوکیٹ کپل سبل، مکل رہتوگی اور ایڈوکیٹ امیت آنند تیواری نے چیف جسٹس بی آر گوئی اور جسٹس اے جی مسیح کی بینچ کو کہا کہ ای ڈی نے غیر قانونی طور پر تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن کے دفتر پر چھاپہ ماری کی جبکہ ان کے خلاف کوئی ایف آئی آر درج نہیں کی گئی ہے۔ جس کے بعد عدالت عظمیٰ نے ایجنسی کو سخت سست قرار دیتے ہوئے، اُسے اُس کی حد یاد دلائی اور کہا کہ وہ اپنی حد پار کر رہی ہے۔ اس موقع پر فاضل وکلاء نے مطلع کیا کہ ای ڈی نے جو چھاپہ ماری کی اور اس دوران موجود ملازمین کے سیل فون کو ضبط کیا ہے، اس کی جو کلوننگ کی ہے وہ شخصی آزادی کے حق کے خلاف ہے۔ ای ڈی نے جو ڈیٹا وغیرہ حاصل کیا ہے اسے استعمال نہیں کیا جانا چاہئے۔ سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے اپنے مشاہدے میں کہا کہ ای ڈی نے اپنی حدیں پار کر دی ہیں۔ ایڈیشنل سالیسٹر جنرل ایس وی راجو نے ای ڈی کی مدافعت کرتے ہوئے کہا کہ چھاپہ ماری کے دوران وہاں سے کثیر تعداد میں رقم برآمد ہوئی ہے، لیکن بینچ نے کہا کہ ای ڈی نے دو ہفتہ گزر جانے کے باوجود اپنے حلف نامے میں اس کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ یاد رہے کہ پہلے 8 مئی اور پھر 16 مئی کو چھاپے مارے گئے۔



جاوید جمال الدین

سپریم کورٹ نے ہمیشہ ملک کی سرکاری ایجنسیوں کے خلاف سخت فیصلے سنائے ہیں اور اُن کی سرزنش کی ہے، اس کی ایک طویل فہرست ہے، جسے فی الحال پیش کرنے کا وقت نہیں ہے، مگر حال میں ایسے ہی ایک واقعہ میں سپریم کورٹ نے ملک کے ممتاز ترین ادارے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، جسے عام طور پر ای ڈی کہا جاتا ہے۔ سخت پھٹکار لگائی ہے کہ اگر شرم و حیاء ہوگی تو ای ڈی کے افسران و اہلکار منہ چھپاتے بیٹھ جائیں، ای ڈی پر عام طور پر الزام ہے کہ وہ برسر اقتدار جماعت کے اشارے پر سرگرم ہے۔ دراصل ایک عرضی کی سماعت کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے تین مرتبہ یہ بات سخت لہجے میں کہی کہ ای ڈی تمام حدیں پار کر رہی ہیں۔

سپریم کورٹ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن (ٹی اے ایس ایم اے سی)، ہیڈ کوارٹر پر رقم کے ہیر پھیر کے معاملے میں کی جانے والی کارروائی کی سماعت کر رہی تھی اور عدالت نے ای ڈی کی کارروائی پر روک لگا دی۔ بتا دیں کہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن کے ہیڈ کوارٹر پر چھاپہ ماری کی تھی۔ تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن کی طرف سے عدالت میں پیش ہوئے سینئر ایڈوکیٹ کپل سبل، مکل رہتوگی اور ایڈوکیٹ امیت آنند تیواری نے چیف جسٹس بی آر گوئی اور جسٹس اے جی مسیح کی بینچ کو کہا کہ ای ڈی نے غیر قانونی طور پر تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن کے دفتر پر چھاپہ ماری کی جبکہ ان کے خلاف کوئی ایف آئی آر درج نہیں کی گئی ہے۔ جس کے بعد عدالت عظمیٰ نے ایجنسی کو سخت سست قرار دیتے ہوئے، اُسے اُس کی حد یاد دلائی اور کہا کہ وہ اپنی حد پار کر رہی ہے۔

اس موقع پر فاضل وکلاء نے مطلع کیا کہ ای ڈی نے جو چھاپہ ماری کی اور اس دوران موجود ملازمین کے سیل فون کو ضبط کیا ہے، اس کی جو کلوننگ کی ہے وہ شخصی آزادی کے حق کے خلاف ہے۔ ای ڈی نے جو ڈیٹا وغیرہ حاصل کیا ہے اسے استعمال نہیں کیا جانا چاہئے۔ سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے اپنے مشاہدے میں کہا کہ ای ڈی نے اپنی حدیں پار کر دی ہیں۔ ایڈیشنل سالیسٹر جنرل ایس وی راجو نے ای ڈی کی مدافعت کرتے ہوئے کہا کہ چھاپہ ماری کے دوران وہاں سے کثیر تعداد میں رقم برآمد ہوئی ہے، لیکن بینچ نے کہا کہ ای ڈی نے دو ہفتہ گزر جانے کے باوجود اپنے حلف نامے میں اس کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ یاد رہے کہ پہلے 8 مئی اور پھر 16 مئی کو چھاپے مارے گئے۔

قبل ازیں مدراس ہائی کورٹ نے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی چھاپہ ماری کو جائز قرار دیا تھا، جس کے خلاف حکومت تمل ناڈو نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا۔ تمل ناڈو کی ڈی ایم کے حکومت نے سپریم کورٹ کو بتایا کہ حکام کے خلاف 41 ایف آئی آرز درج کی گئی تھیں لیکن ان میں سے کسی ایک میں بھی تمل ناڈو مارکیٹنگ کارپوریشن کا نام نہیں ہے۔ حکومت تمل ناڈو نے عدالت سے یہ بھی کہا کہ آخری ایف آئی آر کئی سال قبل 2021 میں درج کی گئی تھی اور 4 سال کے بعد چھاپہ ماری کی کوئی وجہ نہیں تھی۔

وکلاء نے عدالت سے کہا کہ ای ڈی کی طرف سے تین دنوں تک چھاپہ ماری کے دوران عورتوں سمیت دیگر ملازمین کو دیر رات تک ای ڈی نے اپنی تحویل میں روکے رکھا۔ جبکہ ڈی ایم کے، کے سینئر رہنما آر ایس بھارتی نے سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ بی جے پی کی ان کوششوں کے لیے ایک بڑا جھٹکا ہے، جن کے ذریعے وہ تمل ناڈو کی ڈی ایم کے حکومت کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ انہوں نے ای ڈی کو ''بلیک میلنگ تنظیم'' قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ تمل ناڈو کے عوام کے جذبات کے مطابق ہے۔ عدالت اس معاملے کی اگلی سماعت موسم گرما کی تعطیلات کے بعد کرے گی۔

حال میں ایک دوسرے سنگین معاملے میں گجرات میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے ریاست کے مؤقر اخبار گجرات سماچار کے مالک کو مالی فراڈ کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ دکن ہیرالڈ نے اخبار چلانے والے خاندان کے قریبی ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ بروز جمعرات 15 مئی کی رات دیر گئے ای ڈی نے اخبار کے مالکان میں سے ایک باہوبلی بھائی شاہ کو حراست میں لے لیا۔ اپوزیشن پارٹی کانگریس نے الزام لگایا ہے کہ ای ڈی نے شاہ کو وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کی حکومت کے خلاف اخبار میں تنقیدی موقف کی وجہ سے حراست میں لیا ہے۔ گجرات کانگریس کے صدر اور راجیہ سبھا ایم پی شکتی سنگھ گوہل نے کہا، 'ای ڈی نے محکمہ انکم ٹیکس کی کارروائی کے چند گھنٹے بعد ہی مالک شاہ کو گرفتار کر لیا۔ ان کی گرفتاری کی اصل وجہ اخبار کا وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کی حکومت کے خلاف تنقیدی مضامین لکھنا ہے۔

ہائی کورٹ کی سرزنش کے بعد ابھجیت مترا نے نیوز لانڈری کی صحافیوں کے خلاف پوسٹ ہٹائی تھی۔ بتایا جا رہا ہے کہ حراست میں لیے جانے کے بعد شاہ کو سینے میں درد اٹھا تھا، جس کے بعد انہیں طبی معائنے کے لیے وی ایس اسپتال لے جایا گیا، جہاں سے انہیں رات کو دوسرے اسپتال منتقل کیا گیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں گوہل نے الزام لگایا کہ انہیں گجرات نیوز کی حالیہ ہندوستان ۔پاکستان کشیدگی پر رپورٹنگ کی وجہ سے نشانہ بنایا گیا ہے۔ گوہل نے پوسٹ میں کہا، 'سچائی کے لیے کھڑے ہونے کی سزا بی جے پی حکومت کا نصب العین ہے۔ گجرات کا مؤقر اخبار گجرات سماچار ہمیشہ اقتدار کے خلاف کھڑا رہا ہے، چاہے وہ کوئی بھی ہو۔ تاہم، حال ہی میں ہندوستان ۔پاکستان تنازعہ میں بی جے پی حکومت اور مودی کو آئینہ دکھانے کے لیے مودی نے اپنی پسندیدہ ٹول کٹ کو باہر نکال دیا ہے۔ انکم ٹیکس (آئی ٹی) اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے گجرات سماچار اور اس کے ٹیلی ویژن چینل جی ایس ٹی وی کے علاوہ دیگر کاروباری اداروں پر حملہ کیا ہے۔ گجرات سماچار کے مالک باہوبلی بھائی شاہ کو گرفتار کیا گیا۔' گوہل نے مزید کہا، 'تقریباً تین ہفتے قبل جب چھاپہ مارا گیا تھا، خاندان اپنی کل ماتا اسمرتی بین کی موت کے بعد سے سوگ میں تھا۔ باہوبلی بھائی ایک بزرگ شہری ہیں اور انہیں صحت کے مسائل ہیں۔ مودی سرکار کی اس زیادتی کی شدید مذمت کی جانی چاہیئے۔ اپنا کام کر رہے میڈیا کو بے رحمی سے نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ بی جے پی کو جان لینا چاہیے کہ ہر میڈیا گودی میڈیا نہیں ہے اور وہ اپنی روح بیچنے کے لیے تیار نہیں ہے۔

ہمیں جان لینا چاہیئے کہ مقننہ، حکومت اور عدلیہ کسی بھی جمہوری نظام کے متوازی ستون سمجھے جاتے ہیں، حالانکہ صحافت بھی چوتھا ستون تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس کے تحت ہر ایک کو اپنی حدود میں رہنا چاہئے اور آئینی بنیاد پر ایک دوسرے کے ساتھ تال میل بنائے رکھنا چاہئے۔ لیکن ہندوستان میں اکثر و بیشتر اس کی خلاف ورزی دیکھنے میں آتی ہے۔ موجودہ حکومت گزشتہ چند سال غرور اور تکبر اور اقتدار کے جنون میں حد سے پار نظر آتی ہے۔

javedjamaluddin@gmail.com
9867647741



